نامے جو میرے نام آئے

1۔ امید ہے آپ دن رات دین حنیف کی ترویج کے لئے کوشاں ہوں گے۔ التراث ظاہری اور معنوی خوبیوں سے آراستہ ہے۔ مضامین اچھے اور معلوماتی ہیں۔ ان شاءاللہ کوئی تحریر ضرور روانہ کروں گا۔ (ابوشداخ غوری۔ مریدکے)

2۔ مجھے اسلامی کتب پڑھنے کا بڑا شوق ہے۔ گزشتہ دنوں ایک دوست نے رسالہ ''التراث'' کا تعارف کرایا۔ یہ ایک اچھا رسالہ ہے۔ (محمد کامران خالد بن محمد قاسم جاوید صدر و منتظم اعلیٰ: بیدار شعور اسلامی وہاڑی)

3۔ مجھے اسلامی علوم کے مطالعہ کا بڑا شوق ہے۔ یہی میرا مشغلہ بھی ہے، اسی کی ترویج بھی کرتا ہوں۔ اللہ کے حضور دعا گو ہوں کہ مجھے عمل کی توفیق دے اور آپ کو بھی اسلامی کتب کے ذریعے تبلیغ کرنے کا اجر عطا فرمائے۔ آمین

(محمد سلیمان خانپور رحیم یار خان)

4۔ ششماہی مجلّہ ''التراث'' بہت پسند آیا۔ میں اس کو اصلاح فرد اور اصلاح معاشرہ دونوں کے لیے یکساں مفید پاتا ہوں۔ نیز میں علم کا گلدان بنانا چاہتا ہوں۔ نیز التراث میں معلومات عامہ کا کالم بڑھایا جائے۔ اور ہر مجلّہ میں ایک محدث کی سیرت کو اجاگر کیا جائے۔ کیا باہر کے مضامین بھی چھپیں گے؟

(حافظ محمد سعد ہزاروی۔ ہری پور)

☆ آپ کے جذبات واحساسات کی ہم بھرپور قدر کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ آپ کو علم کا گلدان بنائے اور اس کی بھینی بھینی خوشبو سے پورا ماحول معطر ہو۔ معلومات عامہ حسب ضرورت شائع کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ البتہ مستقل کالم کی حیثیت ان شاءاللہ زیرغور رہے گا۔ محدثین کی سیرت کا بھی سلسلہ شروع کریں گے۔ ان شاءاللہ

ہم معیار پر اترنے والے ہر مضمون کو خندہ پیشانی سے قبول کرتے ہیں۔ (التراث)

5۔ مجلّہ ''التراث'' بھیجنے پر میری طرف سے بہت بہت شکریہ قبول فرمائیں۔ آپ نے جیسا لکھا ویسا پایا۔ آپ بیشک ہم سے دور ہیں مگر دل سے دور نہیں۔ میری دلی دعا ہے کہ آپ کا میگزین دن دگنی رات چوگنی ترقی کرے۔ آمین

میری تجویز ہے کہ اس کو ماہنامہ کرلیں، بیشک اوراق کم کرلیں اور کاغذ بھی ہلکا کرلیں، اور سالانہ قیمت تھوڑی سی بڑھا دیں، تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ رہنمائی حاصل کرلیں، کیونکہ چھ مہینے انتظار نہیں کرسکتے۔

(بسم اللہ جنرل سٹور۔ لودے ڈسکہ)